General Certificate of Secondary Education
Foundation Tier
June 2012

Urdu

46451FT

Unit 1 Listening Test Transcript

F

Monday 14 May 2012 1.30 pm to 2.05 pm approximately (including reading time)

FOR INVIGILATOR'S USE ONLY

Time allowed
- 30 minutes + 5 minutes reading time before the test

- **The pauses are pre-recorded for this test.**

This is what you should do for each item.
- After the question number is announced, there will be a pause to allow you to read the instructions and questions.
- Listen carefully to the recording and read the questions again.
- Listen to the recording again and then answer the questions.
- When the next question is about to start you will hear a bleep like this (*).
- You may write at any time during the test.
- Answer **all** questions in **English**.
- You must answer the questions in the spaces provided. Do not write outside the box around each page or on blank pages.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.
- Ask any questions now. **You must not ask questions or interrupt during the test.***
- You now have five minutes to read through the question paper. You may make notes during this time. You may open your answer book now.
- **The test starts now.**

Once the recording has started, the Invigilator must not pause it **at any time** as all pauses, including the five minutes reading time, are pre-recorded.

***If candidates ask any questions at this point, the Invigilator should pause the recording until the questions have been answered. The recording should then be restarted.

F2 1: میرا نام راحت ہے اور میں سیالکوٹ میں رہتی ہوں۔

F2 2: میں اِنگلستان میں پیدا ہوئی تھی۔

F2 3: جب میں گیارہ سال کی تھی تو ہم پاکستان واپس آ گئے۔

F2 4: میرے والد ایک کارخانے کے مالک ہیں اور انہیں بہت سے لوگ جانتے ہیں۔

F2 5: اس کارخانے میں بچّوں کے کھلونے بنائے جاتے ہیں۔

F2 6: مجھے طرح طرح کے کھانے پکانے اور باغبانی کا بہت شوق ہے۔

F1 7: سُنیئے ! یہاں پر چڑیا گھر کہاں ہے؟

M1 آپ یہاں سے سیدھی چلتی جائیں پھر بائیں طرف دوسری سڑک پر مُڑ جائیں۔ چڑیا گھر آپ کو دائیں طرف نظر آ جائے گا۔

M2 8: میری موسیقی کی کلاسیں کالج میں ہوتی ہیں۔ جماعت کا کمرہ چوتھی منزل پر ہے اور اس کے دروازے پر نمبر ۲۰ لکھا ہوا ہے۔ ہر منگل کو ساڑھے دس بجے یہ کلاس ہوتی ہے۔

M1 9: میں جُنید بول رہا ہوں۔ کیا آپ میرے ساتھ جامع مسجد چلیں گے؟ میں اپنے ماموں جان کے ساتھ جا رہا ہوں۔ آپ ڈاک خانے کے پاس ٹھیک ساڑھے بارہ بجے مجھ سے ملیں۔

F1 10: ہمیں اسکول میں یونیفارم پہننا لازمی ہے۔ ہم نیلی پتلون، سفید قمیض اور بھورے رنگ کے جوتے پہنتے ہیں۔

M2 11: امّی ! میں بازار جا رہا ہوں۔ کیا آپ کو کچھ چاہیے؟

F1 ہاں بیٹے مجھے ایک پھول گوبھی، تھوڑا سا پنیر اور ایک بڑا سا تربوز چاہیے۔

F1 12: کہیے میں آپ کی کیا مدد کر سکتی ہوں؟

M1 مجھے ایک ہفتے کے لیے سب سے اوپر والی منزل پر ایک ایسا کمرہ چاہیے جس میں دو الگ الگ بستر ہوں اور ساتھ میں غسل خانہ بھی ہو۔

F1 13: میری سالگرہ پر مجھے بہت سے اچّھے اچّھے تحفے ملے۔ میرے گھر والوں نے میری پسند کا خیال رکھتے ہوئے میرے لیے تحفے خریدے۔ میرے والد نے مجھے سونے کے بُندے، والدہ نے خوشبو کی شیشی اور بھائی نے ہاتھ والا ایک خوبصورت پنکھا دیا جو انہوں نے اپنی چھٹّیوں کے دوران اسپین سے خریدا تھا۔

F2 14: میں نیلم ہوں۔ مجھے مختلف ملکوں کے ڈاک کے ٹکٹ جمع کرنے میں دلچسپی ہے۔ میرے پاس اب تو ان ٹکٹوں کے دو البم جمع ہو گئے ہیں۔

M1 میرا نام ہمایوں ہے۔ مجھے بچپن سے پرانے سکّے جمع کرنے کا شوق ہے۔ دراصل میرے بھائی کے ایک دوست کی وجہ سے مجھے اس میں دلچسپی پیدا ہوئی۔

M2		مجھے ریّان کہتے ہیں۔ میں چھٹّی والے دن موقع ملنے پر اپنی دوربین لے کر پرندوں کو دیکھنے شہر سے دور نکل جاتا ہوں۔ رنگ برنگے پرندے اور خوبصورت نظارے دیکھ کر میں بہت لطف اندوز ہوتا ہوں۔
M2	15:	میں مُستقبل میں دندان ساز بننا چاہتا ہوں۔ آج کل اس پیشے میں کم لوگ جا رہے ہیں جس کی وجہ سے دانتوں کے علاج کے لیے لوگوں کو بہت مشکل پیش آ رہی ہے اور پھر اس پیشے میں تنخواہ بھی تو بہت اچھی ہوتی ہے۔
F2		میں بڑی ہو کر ہوائی جہاز میں کام کرنا چاہتی ہوں۔ اس طرح مجھے دنیا کے دوسرے مُلکوں کو دیکھنے کا موقع مل جائے گا اور میں مختلف زبانیں بھی سیکھ سکتی ہوں۔
M1		میں بڑا ہو کر ایک کسان بننا چاہتا ہوں کیوں کہ دنیا کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے زیادہ سے زیادہ کھانے پینے کی چیزیں پیدا کرنا بہت ضروری ہو گیا ہے۔
F1		میں اپنی تعلیم ختم کرنے کے بعد ایک فوجی بننا چاہتی ہوں تا کہ میں اپنے ملک کی خدمت اور حفاظت کر سکوں۔

END OF TEST

Blank page

Copyright © 2012 AQA and its licensors. All rights reserved.